# 04-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ سابق وزیر و ڈپٹی فلور لیڈر بی آر ایس ہریش راؤ نے گجویل ایم ایل اے کیمپ آفس پر کانگریس کارکنوں کے مبینہ حملہ کی مذمت کرتے ہوئے اسے چیف منسٹر کی ایماء پر جمہوریت پر راست حملہ قرار دیا۔

۲۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے حضور آباد میں مجوزہ ڈمپنگ یارڈ کی مخالفت کرتے ہوئے اس سے فوری دستبرداری کا مطالبہ کیا اور بی جے پی کی جانب سے بڑے پیمانے پر احتجاج کا انتباہ دیا۔

۳۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے جوبلی ہلز میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا جس میں باسر مندر کی جامع ترقی کے سلسلہ میں اہم فیصلے کیے گئے۔

اور

۴۔ بی آر ایس نے ابراہیم پٹنم اور کیتن پلی بلدیات پر کامیابی سے قبضہ کرلیا۔

## REVANTH REDDY

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے جوبلی ہلز میں ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا جس میں باسر مندر کی جامع ترقی کے سلسلہ میں اہم فیصلے کیے گئے۔ اس اجلاس میں وزیر کونڈا سریکھا، حکومت کے مشیر سدرشن ریڈی اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی جہاں مندر کی ترقی کا مجوزہ ماسٹر پلان پیش کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی کہ وہ مندر کو جمالیاتی اعتبار سے شاندار بنائیں تاہم اس دوران روحانی روایات اور عقیدت مندوں کے جذبات کا مکمل احترام یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مستقبل میں شردھالوؤں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر کشادہ سڑکوں کی تعمیر اور مندر

کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لئے سخت ضوابط نافذ کرنے پر زور دیا۔ ایک اہم تجویز دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ترو ملا ترو پتی کی طرز پر یاسر مندر کے حدود میں بھی سیاسی سرگرمیوں پر مکمل پابندی عائد کی جائے اور مندر کے قرب وجوار میں صرف الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کو فروغ دیا جائے۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی جاریہ ماہ کی 6 تاریخ کو ان ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے جس پر تقریباً 225 کروڑ روپے کی لاگت کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

BANDI SANJAY

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے حضور آباد کے قریب سرسا پلی اور رنگا پور میں مجوزہ ڈمپنگ یارڈ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رہائشی علاقوں کے درمیان ڈمپنگ یارڈ کا قیام مقامی شہریوں اور جنگلی حیات دونوں کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر اپنے فیصلے کو واپس لے بصورت دیگر بی جے پی کی جانب سے بڑے پیمانہ پر احتجاج شروع کیا جائے گا۔ مرکزی وزیر نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ان پر ریاست میں چھ ضمانتوں کے نفاذ کے سلسلہ میں جھوٹ پھیلانے کا الزام لگایا اور عوامی بہبود کی اسکیموں پر حکومت کے دعووں کو چیلنج کیا۔

EMPLOYMENT

ڈپارٹمنٹ آف ایمپلائمنٹ اینڈ ٹریننگ تلنگانہ نے نرمان آرگنائزیشن کے تعاون سے نوجوانوں کے لئے دو روزہ مفت تربیتی پروگرام برائے روزگار منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایمپلائمنٹ بیورو کے ڈپٹی چیف کے مطابق یہ تربیتی سیشن 8 اور 9 اپریل کو عثمانیہ یونیورسٹی ایمپلائمنٹ بیورو میں منعقد ہوگا۔ وہ امیدوار جو گریجویشن، پوسٹ گریجویشن، ڈپلومہ یا کسی بھی

پروفیشنل کورس کے آخری سال میں ہیں یا اپنی تعلیم مکمل کرچکے ہیں، اس پروگرام میں شرکت کے اہل ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد 8 اپریل کو صبح 10 بجے اپنے تعلیمی اسناد اور آدھار کارڈ کی فوٹو کاپیوں کے ساتھ براہ راست رپورٹ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے درخواست گزار 8801528936 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

NSDC

تلنگانہ سے تعلق رکھنے والی مہر النساء بیگم نے نوئیڈا میں منعقدہ باوقار انڈیا اسکلس مقابلہ 2026 میں LOGISTICS AND FREIGHT FORWARDING کے زمرہ میں گولڈ میڈل جیت کر تلنگانہ کا نام ملک بھر میں روشن کیا ہے۔ نیشنل اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے زیر اہتمام منعقدہ اس قومی سطح کے ایونٹ میں ملک بھر کے بہترین ٹیلنٹ نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ بیگم پیٹ ڈگری کالج کی سابقہ طالبہ اور کارگومین لاجسٹکس کی ملازم مہر النساء نے ضلع، ریاست اور علاقائی سطح کے سخت مقابلوں میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد یہ تاریخی جیت اپنے نام کی ہے۔ ان کی یہ شاندار کامیابی قومی سطح پر مخصوص پیشہ ورانہ مہارتوں میں تلنگانہ کی نمائندگی کے لئے ایک اہم سنگ میل قرار دی جارہی ہے۔

CPI

ضلع رنگاریڈی کی ابراہیم پٹنم بلدیہ پر بی آر ایس پارٹی نے اپنا قبضہ برقرار رکھا ہے جہاں ٹی سدرشن ریڈی کو چیئر مین منتخب کرلیا گیا جبکہ دلچسپ صورتحال اس وقت دیکھنے میں آئی جب بی جے پی کی کونسلر ایم شیاملا نائب صدر نشین منتخب ہوئیں۔ اسی طرح ضلع منچریال کی کیتن پلی بلدیہ میں بھی بی آر ایس نے کامیابی کا جھنڈا لہرایا جہاں سندھیا رانی چیئرپرسن منتخب ہوئیں اور

نائب صدر کا عہدہ سی پی آئی کی امیدوار سریتا کے حصہ میں آیا۔ ان دونوں بلدی انتخابات کی خاص بات یہ رہی کہ کانگریس کے کونسلروں نے رائے دہی کے عمل سے دوری اختیار کی اور غیر حاضر رہے۔ دوسری جانب  خانہ پور چیئر پرسن کے انتخاب کے دوران اس وقت شدید کشیدگی پیدا ہوگئی جب ووٹنگ کے عمل کے دوران کونسلروں اور حکام کے درمیان سخت تکرار ہوئی جس کے نتیجہ میں پولنگ کے مقام پر کافی ہنگامہ آرائی اور افراتفری دیکھنے میں آئی۔

KHANAPUR

ضلع نرمل کی خانہ پور بلدیہ میں شدید بے یقینی اور ہنگامہ آرائی کے بعد بلدی چیئر مین کا انتخاب ملتوی کر دیا گیا جس کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مقامی ایم ایل اے ایم بوجو اجلاس سے واک آؤٹ کر گئے۔ حکام اور ایم ایل اے کے رویہ کے خلاف بی جے پی اور بی آر ایس کے کونسلروں اور کارکنوں نے میونسپل آفس کے سامنے شدید احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اس دوران مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے معاملہ میں مداخلت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بی جے پی امیدوار کو فوری طور پر چیئر مین قرار دیا جائے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ بی جے پی کے پاس خاطر خواہ تائید ہونے کے باوجود اعلان میں تاخیر کیوں کی جا رہی ہے؟ بنڈی سنجے نے انتخابی قوانین کی مبینہ خلاف ورزی اور جمہوری عمل میں رکاوٹ ڈالنے پر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

MANA ISUKA VAHANAM

ضلع راجنا سرسلہ کے ایڈیشنل کلکٹر جی ناگیش نے اعلان کیا ہے کہ ریت کی منتقلی میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے  ہماری ریت کی گاڑی نظام نافذ کیا جا رہا ہے۔ ریاستی حکومت کی ہدایت کے مطابق اب ریت کے روایتی کوپن سسٹم کے بجائے آن لائن بکنگ کے عمل کے ذریعہ فراہم

کی جائے گی۔ایڈیشنل کلکٹر نے واضح کیا کہ ریت صرف انہی مقامات سے منتقل کی جانی چاہیئے جنہیں ضلعی کمیٹی نے منظوری دی ہے۔آن لائن بکنگ کے عمل میں عوام کی مدد کے لئے ریونیو حکام دستیاب رہیں گے۔اس ڈیجیٹل اقدام کا مقصد ریت کی الاٹمنٹ کو بہتر بنانا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ پورے ضلع میں ٹرانسپورٹ کا عمل شفاف اور موثر رہے۔

BROADCASTING

وزارت اطلاعات ونشریات کے سکریٹری چنچل کمار نے آج فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹیٹیوٹ آف انڈیا اور نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے تحت کام کرنے والے اداروں بشمول نیشنل فلم آرکائیو آف انڈیا کا دورہ کیا۔اپنے دورہ کے دوران انہوں نے فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹیٹیوٹ آف انڈیا میں نو تعمیر شدہ فلم تھیٹر، ایڈیٹنگ کی سہولیات اور فلم پروڈکشن اسٹوڈیوس کا معائنہ کیا۔انہوں نے فلم سازی اور ایڈیٹنگ میں جدید ٹکنالوجی کے استعمال کا جائزہ لیا اور انسٹیٹیوٹ میں دی جانے والی فلمی تعلیم کے معیار اور طریقوں کا بھی مشاہدہ کیا۔بعدازاں انہوں نے نیشنل فلم آرکائیو آف انڈیا کا دورہ کیا اور نیشنل فلم ہیریٹیج مشن کے تحت جاری ڈیجیٹائزیشن کے منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

IIM RAMPUR

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر جاری موجودہ ہیجان محض ہنگامی نہیں بلکہ ساختی نوعیت کا ہے کیونکہ دنیا کا نظام ایک بڑی تبدیلی کے عمل سے گزر رہا ہے۔آئی آئی ایم رائے پور کے 15 ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے نشاندہی کی کہ مختلف ممالک کی طاقت اور اثر ورسوخ میں واضح تبدیلیاں آرہی ہیں۔انہوں نے نوٹ کیا کہ کچھ معاشروں کے سیاسی نظام ان بدلتے ہوئے حالات کے ساتھ ہم آہنگ ہونے میں

مشکلات محسوس کر رہے ہیں۔ وزیر خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ ٹکنالوجی، توانائی، فوجی صلاحیتوں، رابطوں اور وسائل میں تیزی سے ہونے والی ترقی نے بڑھتے ہوئے مسابقتی عالمی ماحول میں خطرات مول لینے کے رجحان کو بڑھا دیا ہے۔انہوں نے ریمارکس کیئے کہ آج کے دور میں مختلف شعبوں کواپنے مفادات کے لئے استعمال کیا جارہاہےاور بعض صورتوں میں انہیں بطور ہتھیار بھی استعمال کیا جارہاہے۔

ECINET

الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹرس 'ای سی آئی نیٹ' پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے اپنے متعلقہ اسمبلی حلقہ کے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت اور مجرمانہ ریکارڈ کے بارے میں تفصیلات حاصل کرسکتے ہیں۔اس کے علاوہ رائے دہندے امیدواروں کی جانب سے جمع کرائے گئے مکمل حلف نامے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔'ای سی آئی نیٹ' دنیا کا سب سے بڑاانتخابی سروس پلیٹ فارم ہے، جوالیکشن کمیشن کی 40 سے زائدایپس اور پورٹلس کو یکجا کرکے تمام انتخابی خدمات ایک ہی جگہ فراہم کرتا ہے۔

GLOBAL PHARMACEUTICAL LEADERSHIP

وزارت تجارت وصنعت کے سکریٹری راجیش اگروال نے آج حیدرآباد میں ادویات کی برآمدات اور جدت طرازی کوفروغ دینے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی 'چنتن شیویر' کی صدارت کی۔ ڈپارٹمنٹ آف کامرس اور Pharmexcil کے زیراہتمام منعقدہ اس تقریب کا محور ملک کوطبی خودانحصاری کا عالمی مرکز بنانے کے وزیراعظم کے ویژن کوشرمندہ تعبیر کرنا تھا۔سکریٹری نے زور دیا کہ اگرچہ فارما صنعت کی موجودہ مالیت 60 بلین امریکی ڈالر ہے، لیکن اب توجہ محض مقدار

کے بجائے معیار پر مبنی ترقی پر مرکوز کرنی ہوگی، جس میں درآمدی انحصار کم کرنے کے لیئے 90 فیصد مقامی پیداوار کا ہدف رکھا گیا ہے۔ بات چیت میں جیو پولیٹیکل عدم استحکام کے بیچ 200 ممالک تک برآمدات کی فراہمی کے سلسلہ کو متنوع بنانے اور ایک مضبوط معیار کے ماحولیاتی نظام کی تعمیر کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی۔ اس موقع پر حال ہی میں اعلان کردہ 'بائیو فارما شکتی' اقدام پر خصوصی توجہ دی گئی جس کے تحت بائیولوجکس اور بائیوسملرس کو مضبوط بنانے کے لئے 10,000 کروڑ روپے مختص کیئے گئے ہیں۔ اجلاس میں ڈیجیٹل تجارتی سہولیات، مصنوعی ذہانت کے استعمال اور آئندہ ہونے والی iPHEX2026 نمائش پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

HUMAN RIGHTS:

جسٹس شمیم اختر کی زیر قیادت تلنگانہ انسانی حقوق کمیشن نے ضلع کومرم بھیم آصف آباد کے ایلوروٹرائبل آشرم ہائی اسکول میں سمیت غذا کے واقعہ کا از خود نوٹس لیا ہے۔ باسی کھانا کھانے سے 6 طلبہ اور ایک ٹیچر کے بیمار ہونے کی اطلاعات کے بعد کمیشن نے اسے حفاظتی معیارات میں بادی النظر میں ایک بڑی کوتاہی قرار دیا ہے۔ آرٹیکل 21 کے تحت زندگی اور صحت کے حق کی خلاف ورزی کا حوالہ دیتے ہوئے کمیشن نے کلکٹر کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس غفلت اور متاثرین کی دواخانہ میں منتقلی کے سلسلہ میں 27 اپریل 2026 تک ایک جامع رپورٹ پیش کریں۔

Attack

سابق وزیر و ڈپٹی فلور لیڈر بی آر ایس ہریش راؤ نے گجویل ایم ایل اے کیمپ آفس پر کانگریس کارکنوں کے مبینہ حملہ کی مذمت کرتے ہوئے اسے چیف منسٹر کی ایماء پر جمہوریت پر راست حملہ قرار دیا۔ انہوں نے ریاست میں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال پر سوال اٹھاتے ہوئے پولیس پر

عوامی نمائندوں کے تحفظ کے بجائے حکمراں جماعت کیلئے خانگی فوج کے طور پر کام کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے ہیڈ اسپیچ قانون سازی کے ذریعہ ناراضگی کو دبانے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور اپوزیشن کے خلاف تشدد کیلئے اکسانے کیلئے حکومت کو ذمہ دار قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اور وزرأنے دیگر ریاستوں میں انتخابی مہم پر توجہ دیتے ہوئے ریاست کے نظم و نسق کو نظر انداز کر دیا ہے۔ اسی طرح انہوں نے ڈی جی پی سے مطالبہ کیا کہ کیمپ آفس میں غنڈہ گردی کیلئے ذمہ دار افراد کی نشاندہ کرتے ہوئے ان کو گرفتار کیا جائے۔

○○